ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (229)

18-04-2023

**بہاولپور( ) ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے اپنی مدت ملازمت مکمل کرنے کے بعد ریٹائرڈ ہونے والے ڈی ایس پی رانا اکمل رسول نادر کے اعزاز میں پر تکلف عشائیہ کا اہتمام۔ڈی پی او نے اعزازی شیلڈ اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور نیک تمناں کے ساتھ انہیں رخصت کیا۔ ہر آفیسر ریٹائرڈ ہونے کے بعد بھی محکمہ پولیس کا ممبر ہوتا ہے، آپکی گراں قدر خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے اپنی مدت ملازمت مکمل کرنے کے بعد ریٹائرڈ ہونے والے ڈی ایس پی رانا اکمل رسول نادر کے اعزاز میں پر تکلف عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔ڈی پی او نے اعزازی شیلڈ اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور نیک تمناں کے ساتھ انہیں رخصت کیا۔اس موقع پر ایس پی انویسٹی گیشن بہاولپور سلمان لیاقت کے علاوہ ڈی ایس پی لیگل عبدالرف جاوید، ڈی ایس پی یزمان لعل خان، ڈی ایس پی احمد پور شرقیہ فرخ جاوید، ڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم جمشید علی اور ڈی ایس پی سٹی سرکل عظیم بھٹی بھی موجود تھے۔ڈی پی او نے ریٹائرڈ ہونے والے آفیسر کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہر ریٹائرڈ ہونے والا آفیسر ہمیشہ اس محکمہ کا حصہ رہتا ہے۔آپ نے محکمہ پولیس کیلئے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ وقف کیا، انہوں نے مزید کہا کہ یہ پولیس ڈیپارٹمنٹ آپکی گراں قدر خدمات کو ہمیشہ یاد رکھے گا۔ڈی ایس پی رانا اکمل رسول نادر نے بات کرتے ہوئے کہا کہ میرے لیے یہ محکمہ ایک سرمایہ ہے۔میں بہت اچھی یادیں لیکر اس محکمہ سے رخصت ہو رہا ہوں، انہوں نے مزید کہا کہ میں ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کا مشکور ہوں جنہوں نے اس موقع پر مجھے مدعو کیا اور عزت افزائی کی۔

ترجمان پولیس بہاولپور



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی جانب سے ڈی ایس پی رانا اکمل رسول نادر کے ریٹائرڈ ہونے پر پر تکلف الوداعی عشائیہ کا اہتمام

ڈسٹرکٹ پولیس آفس /شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(230)

18-04-2023

## بہاول پور(      )پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم کی ماہ اپریل 2023 کے پہلے 15دنوں میں کل32290ایمرجنسی کالز میں سے 19856فیک اور غیر متعلقہ موصول ہوئیں،شہری صرف ایمرجنسی کی صورت میں 15پر کال کریں تاکہ پولیس کی بروقت اورفوری امداد میسر ہوسکے، پولیس افسران 15 کی کال پرفوری ریسپانس کریں، پولیس کی طرف سے کسی بھی سطح پر رسپانس میں سستی یا غفلت پر سخت محکمانہ احتسابی کارروائی ہوگی،ڈی پی او سید محمد عباس۔

تفصیلات کے مطابق پکار15 سنٹرالائزڈ سسٹم بہاول پور پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ سنٹرالائزڈ اور 24/7 ایکٹیو ہے۔اپریل کے پہلے 15دنوں میں پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم پر کل 32290 کالزموصول ہوئیں،جن میں 2629 کالز پرفوری امداد جبکہ 1246 کالز پرشہریوں کی رہنمائی کی گئی جبکہ 19856 جھوٹ پرمبنی کالزموصول ہوئیں۔ٹریفک کیسز سے متعلق 75 کالزموصول ہوئیں،جس پرلوگوں کی امداد اور رہنمائی فراہم کی گئی۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عوام ایمرجنسی صورتحال میں پکار15 پراطلاع دیتے ہیں،متعلقہ پولیس کی طرف سے بروقت رسپانس ملے تو عوام کا پولیس پر اعتماد بھی بڑھ جاتا ہے جبکہ معاشرہ سنگین وارداتوں اوران کی حساسیت سے بھی محفوظ ہوجاتا ہے،اگرمتعلقہ پولیس بروقت رسپانس نہ کرے تو عوام کی طرف سے جہاں پر پولیس کے حوالے سے منفی تاثرات بڑھنا شروع ہوجاتے ہیں وہاں پر وارداتوں کے وقوع پذیر ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں،پولیس کا اولین فرض ہے کہ شہریوں کی جان ومال اورعزت وآبرو کے تحفظ کو یقینی بنائے۔شہریوں سے اپیل ہے کہ صرف سچ اورحقیقت پرمبنی اورایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر پکار15 پرکال کریں تاکہ عوام الناس کو پولیس کی بروقت اورفوری امداد میسر ہوسکے اورسماج دشمن عناصرکوان کے مذموم مقاصد میں کامیاب ہونے سے روکا جاسکے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور:پولیس کی جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص وگاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری